(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## صحت

## کرونا وائرس

# 13% پاکستانی اپنے سماجی حلقے میں سے کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں جو کوویڈ-19 کی ویکسین لگوانے کے باوجود کورونا وائرس کا دوبارہ شکار ہوئے۔

(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،

(اسلام آباد) ،11 فروری، 2022


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 13% پاکستانی اپنے سماجی حلقے میں سے کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں جو کوویڈ-19 کی ویکسین لگوانے کے باوجود کورونا وائرس کا دوبارہ شکار ہوئے۔

کوویڈ-19 ٹریکر سروے کی ویو-13 کی مکمل رپورٹ کے لیے، براہ مہربانی یہاں کلک کریں

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" کیا آپ اپنے سماجی حلقے یا ان لوگوں سے جن سے آپ ملتے جلتے ہیں، میں سے کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں، جس نے کوویڈ-19 کی ویکسین لگوائی ہو اور وہ شخص دوبارہ کورونا وائرس سے متاثر ہو گیا ہو؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 13% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" وہ کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں جس نے کوویڈ-19 کی ویکسین لگوائی اور وہ شخص دوبارہ کورونا وائرس سے متاثر ہو گیا، 85% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" وہ کسی بھی ایسے فرد کو نہیں جانتے ہیں جس نے کوویڈ-19 کی ویکسین لگوائی اور وہ شخص دوبارہ کورونا وائرس سے متاثر ہو گیا ، جبکہ 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" کیا آپ اپنے سماجی حلقے یا ان لوگوں سے جن سے آپ ملتے جلتے ہیں، میں سے کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں، جس نے کوویڈ-19 کی ویکسین لگوائی ہو اور وہ شخص دوبارہ کورونا وائرس سے متاثر ہو گیا ہو؟"**


**پاکستان بھر سے**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:

دیہی علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان (9%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے (19%) جوابدہندگان کی زیادہ شرح کے مطابق وہ اپنے سماجی حلقے میں سے کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں جس نے کوویڈ-19 کی ویکسین لگوائی اور وہ شخص دوبارہ کورونا وائرس سے متاثر ہو گیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1865 مرد و خواتین سے 22 دستمبر 2021 تا 15 جنوری 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, February 11, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)